**29.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. عبدالواحد

**Music**

---

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے ٹیکنالوجی کے استعمال اور شہریوں کو شامل کرتے ہوئے چار سطحی سکیورٹی کے ساتھ، سرحدی انتظامیہ میں بڑی تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی آبادی کو تحفظ فراہم کرنے میں غیرقانونی امیگریشن کو جڑ سے ختم کرنا ضروری ہے۔

☆ حکومت نے کسانوں کو بیج کی دستیابی کو یقینی بنانے کی غرض سے ایک لاکھ 74ہزار کوئنٹل کا بیج کا ذخیرہ قائم کیا ہے۔

☆ وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے امتحان مافیا کے خلاف سخت کارروائی اور اہل طالب علموں کیلئے تحفظ فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

☆ بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی ساتوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی سنگاپور اوپن بیڈمنٹن کے مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ مکسڈ ڈبل کھلاڑی **Dhruv Kapila** اور **Tanisha Crasto** کی جوڑی بھی سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ اور **IPL** کرکٹ میں اہم کوالیفائر-2 کا میچ نئے چنڈی گڑھ میں گجرات ٹائٹنس اور راجستھان رائلس کے درمیان جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

## ***Amit Shah Bhuj Visit***

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا اور غیر قانونی امیگریشن کو جڑ سے ختم کرنا، ملک کی آبادی کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے انتہائی اہم ہے۔ وہ آج گجرات کے شہر بھُج میں بھارت–پاکستان سرحد پر **G-7**اور **G-13** کی اہم سرحدی چوکیوں کا افتتاح کرنے کے بعد فوجیوں اور عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ مرکز، ڈرونز، راڈارس اور جدید تارباڑھ کرنے سمیت، جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہی ہے تاکہ ایک ناقابل دراندازی اور خامیوں سے پاک سکیورٹی گرڈ قائم کیا جاسکے۔ وزیر داخلہ نے ایک

نئے 'Quadripartite Security Grid' کو متعارف کرانے کے ساتھ سرحدی انتظامیہ میں ایک بڑی ڈھانچہ جاتی تبدیلی کا اعلان کیا۔

**S/B Amit Shah**

## WB Infiltration

مغربی بنگال میں وزیر اعلیٰ شوبھیندو ادھیکاری نے ریاست میں دراندازی پر تشویش ظاہر کی ہے جو آبادیاتی تبدیلیوں کا باعث بن رہی ہے۔ Nabanna میں ریاستی سکریٹیریٹ میں مردم شماری کے پرنسپل افسران کی کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ سابقہ سرکار دراندازی کے معاملے پر کارروائی کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ پہلے کے TMC انتظامیہ نے، مرکز کی جانب سے بروقت خطوط موصول ہونے کے باوجود، مردم شماری کی کارروائیوں کا آغاز نہیں کیا تھا۔ وزیر اعلیٰ نے آبادیاتی منتقلی کو سرحدوں پر بے قاعدہ تار باڑھ قرار دیا۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ سرحدی اضلاع سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ مردم شماری کی کارروائیوں کے ذریعے جمع کئے گئے اعداد وشمار کو پالیسی سازی اور بہبود کی مختلف اسکیمیں تیار کرنے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔x

## MEA Briefing

میانمار کے صدر U.Min Aung Hlaing کل سے تین جون تک بھارت کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ آج دوپہر میں نئی دِلی میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ دوطرفہ بات چیت کے دوران وزیراعظم نریندر مودی اور میانمار کے صدر دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

بھارت–چین سرحدی معاملوں پر مشاورت اور تال میل کیلئے منعقدہ میٹنگ کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ مذاکرات تعمیری اور مثبت تھے۔

بنگلہ دیش کے غیرقانونی مائیگرینٹس سے متعلق ایک سوال کے جواب میں جناب جیسوال نے کہا کہ تمام غیرقانونی مائیگرینٹس کے معاملے میں قانون کے مطابق ہی کارروائی کی جائے گی۔

بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارتی مذاکرات پر ترجمان نے کہا کہ بھارتی تجارتی ٹیم نے اپریل میں امریکہ کا دورہ کیا تھا۔ اُنھوں نے کہا کہ اگلے ہفتے امریکہ سے ایک ٹیم کی بھارت آمد متوقع ہے، جس میں تجارتی امور پر مزید بات چیت کی جائے گی۔×

## Inter Ministerial Brifeing

حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں پیٹرول، ڈیزل اور LPG کا اسٹاک اطمینان بخش ہے اور تمام ریفائنریز پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ نئی دلّی میں بین وزارتی میڈیا بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور

قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کہا کہ **LPG** کی پیداوار اب تک کی سب سے زیادہ ہے جو کہ تقریباً **92**ہزار میٹرک ٹن یومیہ ہے۔

**S/B 2100 Sujata Sharman on LPG**

محترمہ شرما نے یہ بھی بتایا کہ کسی بھی **LPG** ڈسٹریبیوشن شپ سے کسی طرح کی قلت کی کوئی رپورٹ نہیں ملی ہے۔ خردہ آؤٹ لیسٹ کے بارے میں بتاتے ہوئے انھوں نے کہا کہ **150**اضلاع نے پیٹرولیم میں **30**فیصد اضافے کی رپورٹ دی ہے جبکہ **156**اضلاع نے **30**فیصد سے زیادہ اضافے کی رپورٹ دی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے۔**x**

## ***SC Directs HC***

آج سپریم کورٹ نے ملک کی تمام ہائی کورٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے فیصلے کو محفوظ کرنے کے تین مہینے کے اندر اندر فیصلہ سنائیں۔ عدالت عالیہ نے یہ بھی واضح کیا کہ فیصلہ سنانے میں تاخیر سے مقدمے کے فریقین کو ناقابل تلافی نقصان ہوسکتا ہے۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ ذاتی آزادی کے مقدموں میں تیزتر فیصلوں کی ضرورت ہے، چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوائے مالا باگچی پر مشتمل ایک بینچ نے کہا کہ ضمانت کی عذرداریوں پر آرڈر اُسی روز سنایا جانا چاہیئے نیز اگر اُنھیں مخصوص رکھا جاتا ہے تو اگلے روز اُن کا فیصلہ سنایا اور اَپ ڈیٹ کیا جانا چاہیئے۔ بڑی تعداد میں ہدایات جاری کرتے ہوئے عدالت عالیہ نے کہا کہ ضمانت یا سزا کو معطل کرنے کے آرڈر کو فیصلہ سنانے کے بعد جلد از جلد جیل حکام کو ارسال کیا جانا چاہیئے، کیونکہ فیصلہ سنایا جاچکا ہے اور زیر سماعت ملزمان کو ترجیحی طور پر اُسی روز یا زیادہ سے زیادہ اگلے روز رہا کیا جانا چاہیئے۔**x**

## ***Chouhan Conference***

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ حکومت نے کسانوں کو بیج کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے ایک لاکھ **74**ہزار کوئنٹل کا قومی بیج کا ذخیرہ قائم کیا ہے۔ نئی دِلی میں زراعت برائے خریف مہم **2026**پر قومی کانفرنس کے دوسرے دن میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ اب تک **9**لاکھ **76**ہزار کسان شناختی کارڈ بنائے جاچکے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ کسانوں کو اب مختلف اسکیموں تک رسائی کیلئے علیحدہ دستاویزات کی ضرورت نہیں ہوگی۔ جناب چوہان نے مزید کہا کہ حکومت کسانوں کے مفادات کے تحفظ اور اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے کہ کھادوں کا استعمال صرف زرعی مقاصد کیلئے کیا جائے۔

**S/B: Shivraj Singh Chouhan**

## ***Pradhan-Interview***

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج کہا ہے کہ پیپر افشاں ہونے کا واقعہ انتہائی افسوسناک تھا، جبکہ ایسا نہیں ہونا چاہیئے تھا۔ **DD News** کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں جناب پردھان نے کہا کہ دوبارہ

امتحان کا انعقاد بغیر کسی خامی کے منظم اور مناسب ڈھنگ سے کیا جائے گا۔ انھوں نے اِس کام کو پورا کرنے میں ہر کسی سے تعاون کی اپیل کی ہے۔

**S/B SI Pradahan Cut-1**

طلباء سے خطاب کرتے ہوئے جناب پردھان نے انھیں یقین دلایا کہ حکومت اُن کی تشویش کو سمجھتی ہے۔ انھوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ اُن کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکام نے سخت فیصلہ کیا ہے کیونکہ وہ یہ نہیں چاہتے کہ کسی بھی اہل طالب علم کا مستقبل امتحان مافیا کے ہاتھوں میں نہ پڑے یا بے ضابطگیوں کا شکار نہ ہو پائے۔x

## SC NEET

سپریم کورٹ نے آج NEET پیپرلیک معاملے میں ہونے والی خامیوں کیلئے جوابدہی پر زور دیا۔ جسٹس P.S.Narsimha اور Alok Aradhe کی بینچ، اِس معاملے پر درخواستوں کی سماعت کررہی تھی، جس میں ایک قومی ٹیسٹنگ ایجنسی (NTA) کو ایک مضبوط اور خودمختار ادارے میں تبدیل کرنے یا میڈیکل داخلے کے امتحان کے انعقاد کیلئے اُس کی تنظیم نو کرنے کی ہدایت کی درخواست شامل تھی۔ بینچ نے مرکزی حکومت سے حلف نامہ داخل کرنے کو کہا اور اِس معاملے کی سماعت جولائی کے دوسرے ہفتے میں کرنے کا حکم دیا۔ سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے بینچ کو بتایا کہ حکومت نوجوانوں کے بارے میں فکرمند ہے اور اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے کہ اِس میں کوئی کوتاہی نہ ہو۔ اُنہوں نے بینچ کو یہ بھی بتایا کہ 21جون کو ہونے والے NEET-UG کے دوبارہ ٹیسٹ کیلئے کچھ نئے میکانزم بنائے گئے ہیں۔×

## Delhi NEET Free Bus

دِلی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ NEET-UG-2026امتحان کے امیدواروں کو دِلی ٹرانسپورٹ کارپوریشن (DTC) کی بسوں میں مفت سفر کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ یہ امتحان اگلے مہینے کی 21 تاریخ کو منعقد ہوں گے۔

دِلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا ہے کہ امیدوار اپنا ایڈمٹ کارڈ دکھا کر DTC بسوں میں مفت میں سفر کرسکتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس دن طلبا کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ یہ دن اُن کے مستقبل کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔×

## Karnataka CM Resignation

کرناٹک کے گورنر تھاور چند گہلوت نے آج بنگلورو میں وزیراعلیٰ سدا رمیا کا استعفیٰ منظور کرلیا اور وزراء کی کونسل کو فوری اثر سے تحلیل کردیا۔ تاہم اُنہوں نے متبادل انتظام نہ ہونے تک سدا رمیا سے ایک نگراں وزیراعلیٰ کے طور پر خدمات انجام دینے کو کہا۔×

## Vice Admiral Kochhar

وائس ایڈمرل اجے کوچھر نے آج بھارتی بحریہ کے 48ویں نائب سربراہ کا عہدہ سنبھال لیا۔ چارج سنبھالنے پر فلیگ آفیسر نے نئی دِلی میں قومی جنگی یادگار پر گلہائے عقیدت نذر کرکے ملک کی خدمت میں عظیم قربانی دینے والے بہادروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ پونے کی باوقار نیشنل ڈیفنس اکیڈمی کے سابق طالب علم رہے وائس ایڈمرل اجے کوچھر کو جولائی 1988میں بھارتی بحریہ میں کمیشن حاصل کیا تھا۔ میزائل اور گن سسٹم کے ماہر اجے کوچھر نے اپنے 37سال سے زائد پر محیط کیریئر کے دوران کمانڈ، آپریشنل اور اسٹاف اسائنمنٹ کی وسیع تر ذمے داری سنبھالی ہے۔×

## US Iran Negotiation

امریکہ اور ایران کے درمیان بالواسطہ سفارتی مذاکرات میں پیش رفت ہوئی ہے، کیونکہ دونوں فریق موجودہ جنگ بندی کی مدت کو چھ دن تک بڑھانے اور آبنائے ہُرمز کو دوبارہ کھولنے کے مفاہمت نامے کا جائزہ لے رہے ہیں۔ امریکہ کے نائب صدر J.D.Vance نے تصدیق کی ہے کہ مذاکرات، شروعاتی سمجھوتے تک پہنچنے کے بیحد قریب ہیں، حالانکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے آخری منظوری ابھی زیرالتوا ہے۔ اِس دوران ایران کے سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ اب تک کوئی سمجھوتہ نہیں ہوا ہے اور تہران، لفظوں کی بجائے ٹھوس کارروائی کا مطالبہ کرتا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C: Vinod Kumar**

خلیج تعاون کونسل، GCC ممالک، اِس معاملے میں ہنگامی بنیادوں پر آگے بڑھ رہے ہیں۔ قطر نے آبنائے ہُرمز میں بحری قوانین سے متعلق حتمی نکات طے کرنے کیلئے تہران نے اپنی خصوصی ثالثی ٹیمیں تعینات کی ہیں۔ دوحہ بھی جاری کئے گئے ایرانی فنڈز کے سختی سے انسانی بہتری میں استعمال کو ممکن بنانے کیلئے تیسرے فریق پر مبنی منظم میکانزم کے قیام پر کام کررہا ہے۔ مزید پیچیدگی لبنانی نقطہ نظر سے بھی ہے۔ تہران، سبھی علاقائی محاذوں کا احاطہ کرتے ہوئے مفاہمت نامے پر زور دے رہا ہے، لیکن جنوبی لبنان میں اسرائیل کی جاری فوجی کارروائیاں اور نقل مکانی احکامات اِس معاملے میں رکاوٹ بن رہے ہیں۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Pakistan Enforced Disappearances

پاکستان میں خیبر پختونخواہ صوبے کی راجدھانی پشاور سے، پشتون تحفظ مومینٹ PTM کے کارکن فرید اللہ آفریدی کی مبینہ جبری گمشدگی سے متعلق ایمنسٹی انٹرنیشنل کی جانب سے سنگین تشویش کا اظہار کئے جانے کے بعد، پاکستان کو انسانی حقوق سے متعلق اپنے ریکارڈ کے ضمن میں تازہ تنقید کا سامنا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں

ایمنسٹی انٹرنیشنل نے کہا کہ آفریدی کو پشاور سے 18 مئی کی شام کو اغوا کیا گیا تھا۔ ان کے کنبے کی جانب سے بار بار اپیل کئے جانے کے باوجود، مقامی پولیس نے FIR درج کرنے سے انکار کردیا نیز انھوں نے اُن کی گمشدگی کے بارے میں کسی باقاعدہ کارروائی کا آغاز بھی نہیں کیا ہے۔ بین الاقوامی حقوق کی ایجنسی نے کہا کہ آفریدی کا معاملہ، جبری گمشدگی اور PTM کے اراکین اور حامیوں کو نشانے بنانے کی سرکاری کارروائی کے معاملے کی عکاسی کرتا ہے۔x

## WHO Ebola

عالمی صحت تنظیم نے آج کہا کہ کونگو کی جمہوریہ ری پبلک DRC میں، 223 مشتبہ اموات سمیت، Ebola کے 906 مشتبہ معاملات پائے گئے ہیں جن کی تحقیقات کی جارہی ہے۔ کونگو کی جمہوریہ ری پبلک میں Ebola کے Bundibugyo وائرس کا پھیلاؤ جاری ہے۔ اس کے ساتھ یوگینڈا میں بھی ایسے معاملات کی رپورٹ ملی ہے۔ WHO کے مطابق DRC میں Ebola کے 125 تصدیق شدہ معاملات ہیں۔ ان میں Ituri، شمالی Kivu اور جنوبی Kivu میں 17 مصدقہ اموات شامل ہیں۔ یوگینڈا میں Ebola کے 7 مصدقہ معاملات سامنے آئے ہیں نیز ایک موت ہوئی ہے۔ البتہ کمیونٹی کی سطح پر پھیلاؤ کی کوئی رپورٹ نہیں ہے۔x

## Singhapore Open Badminton

Satvik Sairaj رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی پر مشتمل بھارت کی مردوں کی ڈبلز جوڑی آج سنگاپور اوپن سپر 750 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ رنکی ریڈی اور چراغ نے Aaron Tai اور Kang Khai Xing کی ملیشیائی جوڑی کو اُنیس–اکیس، اکیس–سترہ اور اکیس–تیرہ سے شکست دی۔ اِن کا اگلا مقابلہ کل جنوبی کوریا کے عالمی نمبر ایک جوڑی Seo Seung-Jae اور Kim Won-ho سے ہوگا۔

مسکڈ ڈبلز میں Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto بھی ملیشیا کے Chen Tang Jie اور Toh Ee Wei کو ہرا کر سیمی فائنل میں داخل ہونے میں کامیاب رہیں۔

مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں لکشیہ سین کو جاپان کے Koki Watanabe سے اُنیس–اکیس، اکیس–پندرہ اور پندرہ–اکیس سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی–وی–سندھو کی مہم کوارٹر فائنل میں عالمی نمبر ایک جنوبی کوریا کی An Se Young کے خلاف سخت جدوجہد کے باوجود ہار پر ختم ہوگئی۔×

## IPL Cricket

IPL کرکٹ کے چنڈی گڑھ میں جاری دوسرے کوالیفائر میچ میں راجستھان رائلس نے گجرات ٹائٹنس کے سامنے جیت کیلئے 215 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اِس سے پہلے راجستھان رائلس نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ دوسرے کوالیفائر کے آج ہورہے میچ کی فاتح ٹیم کا مقابلہ اتوار کے روز فائنل میں رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔×

**SC Vinesh Phogat**

سپریم کورٹ نے آج خاتون پہلوان ونیش پھوگاٹ کو کل اور اِس ماہ کی **31** تاریخ کو ہونے والے ایشین گیمز کے سلیکشن ٹرائل میں حصہ لینے کی اجازت دے دی ہے۔ جسٹس **P.S. Narsimha** اور جسٹس **Alok Aradhe** کی بنچ نے ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا کی طرف سے دائر اس عرضی پر یہ فیصلہ سنایا ہے، جس میں دِلی ہائی کورٹ کے اُس فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا، جس کے تحت پھوگاٹ کو سلیکشن ٹرائل میں حصہ لینے کی اجازت دی گئی تھی۔ ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ نے کہا کہ ریسلنگ فیڈریشن آف انڈیا کی سلیکشن پالیسی میں خامیاں ہیں اور اس میں زچگی کی چھٹی کے بعد واپسی کرنے والی ایک ممتاز کھلاڑی کو سلیکشن کے عمل سے باہر رکھا جارہا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆